# نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)

تاریخ: 5 رمارچ 2025ء　　　　مجاریہ: ن ا ت ت/ 7745 /2025ء

## دفتری حکم

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC) کے پینسٹھویں (65th) اجلاس منعقدہ مورخہ 17 رفروری 2025ء کی شق 6 قرارداد (ii) کے فیصلے کے تحت Discontinuation of HEC Approved Supervisor کے حوالے سے جمیع اساتذہ کرام کو درج ذیل ہدایت کی جاتی ہے:

(i) شعبہ صیغہ فروغ معیار (QEC)، اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کی گائیڈ لائنز کے تحت Approved Supervisor کے حوالے سے اساتذہ کرام کے لیے کورس کا انعقاد کروائے گی۔

(ii) پہلے فیز میں ایسے پی ایچ ڈی اساتذہ کرام جو تا حال HEC Approved Supervisor نہیں ہیں وہ اعلامیہ جاری ہونے کے اندرون پندرہ (15) یوم HEC کی Approved Supervisor کی جاری کردہ گائیڈ لائنز کے تحت اپنے دستاویزات متعلقہ شعبہ میں جمع کروائیں گے۔ شعبہ جاتی تحقیقاتی کمیٹی (DRC) کی جانب سے اُس کی اسکروٹنی کرکے تصدیقی رپورٹ مع دستاویزات شعبہ GRMC (کراچی کیمپس) کو ارسال کی جائے گی جسے برائے دیگر کارروائی مجلس GRMC کے سامنے پیش کیا جائے گا اور ازاں بعد University Approved Supervisor کا خط جاری کیا جائے گا۔

(iii) دوسرے فیز میں ایسے پی ایچ ڈی اساتذہ کرام جو HEC Approved Supervisor تھے لیکن اُن کی مدت ختم (Expire) ہوچکی ہے وہ اعلامیہ جاری ہونے کے اندرون ایک (01) ماہ HEC کی Approved Supervisor کی جاری کردہ گائیڈ لائنز کے تحت اپنے دستاویزات و شائع شدہ تحقیقی پرچہ جات متعلقہ شعبہ میں جمع کروائیں گے۔ شعبہ جاتی تحقیقاتی کمیٹی (DRC) کی جانب سے اُس کی اسکروٹنی کرکے تصدیقی رپورٹ مع شائع شدہ تحقیقی پرچہ جات و دستاویزات شعبہ GRMC (کراچی کیمپس) کو ارسال کی جائے گی جسے برائے دیگر کارروائی مجلس GRMC کے سامنے پیش کیا جائے گا اور ازاں بعد University Approved Supervisor کا خط جاری کیا جائے گا۔

(iv) University Approved Supervisor کی مدت تین (03) سال ہوگی جسے معینہ مدت کی تکمیل کے بعد مقررہ طریقہ کار کے تحت ہی دوبارہ Renew کروانا ہوگا۔

(iv) جامعہ ہٰذا کی ویب سائٹ پر University Approved Supervisor کی لسٹ آویزاں (Display) کی جائے گی۔

(v) جامعہ ہٰذا کے تمام University Approved Supervisor کی فہرست وقتاً فوقتاً اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کو بھی ارسال کی جائے گا تا کہ HEC کا ڈیٹا بھی اس حوالے سے Update رہے۔

رجسٹرار (قائم مقام)

نقل برائے اطلاع:

۱۔ دفتر چیئر مین نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)
۲۔ جمیع انچارج کیمپسز (اسلام آباد، گلشن اقبال، عبدالحق کیمپس)
۳۔ جمیع رؤسائے کلیات
۴۔ ڈائریکٹر صیغہ فروغ معیار (QEC)
۵۔ ڈائریکٹر ORIC
۶۔ شعبہ اکیڈمک
۷۔ جمیع صدور/انچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد کیمپس)
۸۔ شعبہ GRMC (اسلام آباد کیمپس)
۹۔ دفتری نقل
۱۰۔ ویب ماسٹر برائے ویب سائٹ